ولقد یسرنا القرآن فھل من مدکر

# انعام القرآن

## ترجمۃ القرآن کا چالیس روزہ عظیم الشان پروگرام

www.KitaboSunnat.com



تالیف
پروفیسر حافظ عتیق اللہ عمر
ڈائریکٹر انعام القرآن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) پاکستان

سبیل اکرام قرآن فاؤنڈیشن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

کتاب ھذا فی سبیل اللہ تقسیم کی جائے گی۔ ان شاء اللہ

# انعام القرآن

مؤلف

پروفیسر حافظ عتیق اللہ عمر

ناشر

سبیل اکرام فاؤنڈیشن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نام کتاب: انعام القرآن

مؤلف: پروفیسر حافظ عتیق اللہ عمر

ڈائریکٹر جنرل انعام القرآن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) پاکستان

نظر ثانی: مولانا احسان اللہ قمر

مینیجنگ ڈائریکٹر انعام القرآن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) پاکستان

قاری عمر فاروق راشد

سابق ریسرچ اسکالر، مکتبہ اسلامیہ

زیر اہتمام: انعام القرآن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) پاکستان

ہیڈ آفس: 226 بی 01 بلاک نمبر 13 ٹاؤن شپ لاہور

پرنٹنگ اویرنس پرنٹنگ پریس (03134254133)

اشاعت اول: اپریل 2022ء (تعداد: 1100)

اشاعت ثانی: اکتوبر 2022ء (تعداد: 1500)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# انتساب

میرے مرحوم والدین کے نام

جن کی محنت، محبت اور رہنمائی سے

اللہ نے ہمیں دین کے راستے پر چلایا

الحمد للہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# آغازِ سفر

قرآن مجید آخری، جامع، مکمل اور مہذب کتاب ہے جو انسانوں کے نام اللہ تعالیٰ کا آخری پیغام ہے اور بلا شبہ قرآنِ مجید انسانوں کے تمام انفرادی اور اجتماعی مسائل کا حل بھی ہے۔

ہماری خوش قسمتی یہ ہے کہ ہم قرآن مجید کو اللہ تعالیٰ کی سچی اور آخری کتاب مانتے ہیں، لیکن بد قسمتی یہ ہے کہ نہ اسے پڑھتے ہیں نہ ہی سمجھتے۔ اور کم ہی لوگ اسے جانتے ہیں۔

آج کا انسان جن مسائل میں گھرا ہوا ہے بلا شبہ ان سے نکلنے کا واحد راستا قرآن کا راستا ہے جو کہ علم اور جنت کا راستا ہے۔

**اس کے لیے ضروری ہے کہ**

① ہم قرآن مجید کو صحیح پڑھیں۔

② اس کا ترجمہ اور مفہوم سمجھیں۔

③ پھر کما حقہ اس پر عمل کی کوشش کریں۔

④ نیز یہ کہ اس کے ابلاغ کا ذریعہ بھی بنیں۔

زیر نظر کتاب اس سارے پروگرام کی ہلکی سی کاوش ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب سے اور ہماری نسلوں سے بھی اپنے دین کا کام لے لے۔ آمین ثم آمین۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## کورس کا طریقہ کار:

پڑھانے والے استاد محترم:

1۔ روزانہ ایک اصول اور اس کی امثلہ سے طلبہ وطالبات کو آگاہ کریں گے۔

2۔ کچھ حروف کی پہچان مع امثلہ روزانہ کی بنیاد پر کروائیں گے۔

3۔ اردو کے الفاظ بتا کر طلبہ وطالبات سے کہیں گے کہ انھیں قرآنِ مجید سے تلاش کریں۔

4۔ کچھ افعال اور ان کے متعلقات کی پہچان کروائیں گے۔ (یادر ہے کہ یہ سب سے مشکل کام ہوگا اور اس کے لیے سب سے زیادہ وقت درکار ہوگا۔)

5۔ روزانہ کچھ عربی الفاظ، ان کا ترجمہ اور قرآنِ مجید میں ان کی تعداد بھی بتائیں گے، نیز ان کا معنی ومفہوم اچھی طرح ذہن نشین کرایا جائے گا، تاکہ دوبارہ نہ بتانا پڑے۔

6۔ پہلے چار دن ایک ایک رکوع اگلے تین دن ایک پاؤ، پھر چار دن نصف نصف اور بعد ازاں ایک ایک پارے کی مشق کروائیں۔ جتنا پڑھ لیا اس کی پہچان اور ترجمہ کروائیں۔

## کورس کا دورانیہ:

1۔ روزانہ دو گھنٹے کی کلاس۔ (چالیس روزہ کورس)

2۔ روزانہ ایک گھنٹے کی کلاس۔ (سہ ماہی کورس)

3۔ ہفتہ اور اتوار (یا اپنی سہولت کے مطابق دودن) کی کلاس۔ (چھ ماہ کا کورس)

4۔ ہفتہ وار کلاس۔ (ایک سال کا کورس)



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## کورس کے اہداف ومقاصد:

1۔قرآنِ مجید درست انداز میں پڑھنے کے عمومی اصول اوران کی مشق ،تاکہ کم ازکم قرآن مجید پڑھنے میں غلطی نہ رہے۔ یہ بیں اصول ہیں جو ابتدائی 20 دنوں میں پڑھائے جائیں گے۔ان شاء اللہ العزیز۔

2۔بقیہ 20 دنوں میں قرآنِ مجید کے ترجمہ کے عمومی بیس اصول اوران کی مشق، تاکہ ترجمہ کرنے کے عمومی اصول وضوابط سے آگاہی ہوسکے۔

3۔ چھتر بامعنی عربی حروف جو تکرار کے ساتھ قرآنِ مجید میں تقریباً 17000 مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔ ہر کلاس میں 2 حروف اوران کی مشق، تاکہ ہر صفحہ پر آنے والے درجنوں حروف کا معانی معلوم ہوسکے۔

4-200 اردو الفاظ جوتقریباً 20000 (بیس ہزار) مرتبہ قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں۔روزانہ پانچ الفاظ اور ان کی مثالیں، اس مشق کے بعد تقریباً ہر چار یا پانچ الفاظ میں سے ایک کا ترجمہ خود سے معلوم ہوجائے گا۔

5-280 عربی الفاظ میں ہر سات الفاظ کی روزانہ مشق، معانی، تعداد، مثال اور سبق میں سے پہچان یہ الفاظ تقریباً 30 ہزار مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔

6۔قرآنِ مجید میں کثرت سے استعمال ہونے والے 200 افعال میں سے 5 کی روزانہ پہچان، ترجمہ، صیغے، تعداد اور مثالیں۔ ان افعال کی تکرار کے بعد تعداد تقریباً 20 ہزار بنتی ہے۔

نوٹ: اس طرح 40 دن میں ان شاء اللہ العزیز قرآنِ مجید کے تقریباً 90% حصے کی خود ترجمہ کرنے کی صلاحیت پیدا ہوجائے گی۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن مجید سے سچی لگن، شوق، ہمت اور توفیق عطا فرمائے کہ ہم خود بھی قرآن فہمی کے اس مبارک سلسلے سے مستفید ہوں اور دیگر کے لیے ذریعہ بنیں۔ اس مقدس مشن کے آغاز پر میں اپنے اللہ کی رحمتوں کا شکر گزار، والدین اور بڑوں کے لیے دعا گو، اپنے بڑے بھائی مولانا احسان اللہ قمر صاحب کی رہنمائی پر ممنونِ احسان اور پیارے بیٹے حافظ توصیف عمر کی دلچسپی کو سراہنے کے ساتھ ساتھ اپنے اساتذہ کرام کے لیے التجا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ سب کا حصہ قبول و منظور فرمائے۔

میں یہاں قاری عمر فاروق راشد کا بھی خصوصی طور پر شکر گزار ہوں کہ جنھوں نے کتاب کی پروف ریڈنگ اور پرنٹنگ کے مراحل میں بہت محنت اور لگن کا ثبوت دیا۔

فجزاهم الله أحسن الجزاء

اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں ہمیں قرآنِ مجید کی برکات سے مالا مال فرمائے۔ اللہ تعالیٰ اس عمل میں ہمیں خلوصِ نیت اور شوقِ محنت عطا فرمائے اور اسے ہمارے لیے حصولِ رضائے الٰہی اور حصولِ جنت کا ذریعہ بنائے۔ آمین ثم آمین۔

پروفیسر حافظ عتیق اللہ عمر

ڈائریکٹر جنرل

انعام قرآن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) پاکستان

0304-9891096



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر:1

## 1۔قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر 1

تلاوتِ قرآنِ مجید کے آغاز میں تعوذ اور تسمیہ پڑھیں گے۔

مثال: (استادِ محترم پڑھ کر مشق کروائیں)

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## 2۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | بِ | ساتھ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ<br>''اللہ کے نام ساتھ جو بے حد رحم والا، نہایت مہربان ہے۔'' |
| 2 | تَ | قسم | وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ<br>''اور اللہ کی قسم! میں ضرور ہی تمھارے بتوں کی خفیہ تدبیر کروں گا۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

## اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | ابراہیم | 69 | وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّى<br>''اور ابراہیم کے (صحیفوں میں) جس نے (عہد) پورا کیا۔'' |
| 2 | ابابیل | 01 | وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ<br>''اوران پر جھنڈ کے جھنڈ پرندے بھیج دیے۔'' |
| 3 | ابلیس | 06 | فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ<br>''توانھوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس (اس نے انکار کیا)۔'' |
| 4 | آخر | 28 | هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ<br>''وہی سب سے پہلے ہے اور سب سے پیچھے ہے۔'' |
| 5 | آخرت | 133 | وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ<br>''اور آخرت پر یقین بھی وہی رکھتے ہیں۔'' |

4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

## عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | الْأَنْعَامِ | چوپائے | 33 | وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا<br>''اور چوپاؤں میں سے کچھ بوجھ اٹھانے والے اور کچھ زمین سے لگے ہوئے (پیدا کیے)۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2 | أَبَدًا | ہمیشہ | 28 | خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا<br>"جس میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں ہمیشہ۔" |
| 3 | أَجَلٍ | مدت | 52 | إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى<br>"ایک معین مدت تک۔" |
| 4 | أَلِيمٌ | دردناک | 72 | وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ<br>"اوران کے لیے دردناک عذاب ہے۔" |
| 5 | أَمْرٍ | معاملہ | 66 | بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ<br>"اس میں فرشتے اور روح اپنے رب کے حکم سے ہر امر کے متعلق اترتے ہیں۔" |
| 6 | يَوْمَئِذٍ | اس دن | 70 | يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا<br>"اس دن وہ اپنی خبریں بیان کرے گی۔" |
| 7 | أَوْلِيَاءَ | دوست، وارث | 86 | أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ<br>"سن لو! بے شک اللہ کے دوست، ان پر نہ کوئی خوف ہے (اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔)" |

## 5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | أَتَى | يَأْتِي | إِئْتِ | لَا تَأْتِي | 264 | آنا، لانا |
| مثال | حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ<br>"یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لے آئے۔" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | بَغَى | يَبْغِي | إِبْغِ | لَاتَبْغِ | 96 | طلب کرنا/ چاہنا |
| مثال | قُلْ أَغَيْرَ اللهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ<br>"کہہ دے کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور رب تلاش کروں، حالانکہ وہ ہر چیز کا رب ہے۔" | | | | | |
| 3 | جَرَى | يَجْرِي | إِجْرِ | لَاتَجْرِ | 64 | چلنا |
| مثال | كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُسَمًّى<br>"ہر ایک ایک مقرر وقت کے لیے چل رہا ہے۔" | | | | | |
| 4 | جَاءَ | يَجِيْءُ | جِئَ | لَاتَجِئْ | 278 | آنا، لانا |
| مثال | وَجِاْيْءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ<br>"اور اس دن جہنم کو لایا جائے گا۔" | | | | | |
| 5 | جَزَى | يَجْزِيْ | إِجْزِ | لَاتَجْزِ | 118 | صلہ ملنا |
| مثال | وَاتَّقُوا يَوْمًا لَا تَجْزِي نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا<br>"اور اس دن سے بچو جب نہ کوئی جان کسی جان کے کچھ کام آئے گی۔" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر:2

## 1۔قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر2

اگر سورت شروع ہو رہی ہے تو تعوذ اور تسمیہ دونوں اور اگر سورت کے درمیان سے پڑھ رہے ہیں تو صرف تعوذ پڑھیں گے۔

مثال: (استادِ محترم خود بتائیں گے)

## 2۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | س | عنقریب | سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ<br>''عنقریب لوگوں میں سے بے وقوف کہیں گے۔'' |
| 2 | ف | پھر | وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى<br>''اور یقیناً عنقریب تیرا رب تجھے عطا کرے گا، پھر تو راضی ہو جائے گا۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

## اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | مؤذن | 02 | ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا الْعِيرُ<br>''پھر ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا اے قافلے والو!۔'' |
| 2 | ارض | 370 | لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ<br>''اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے۔'' |
| 3 | اسماعیل | 12 | وَأَوْحَيْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ<br>''اور ہم نے ابراہیم اور اسماعیل کی طرف وحی کی۔'' |
| 4 | الٰہ | 147 | اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ<br>''اللہ (وہ ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے، ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے۔'' |
| 5 | اللہ | 2700 | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ<br>''اللہ کے نام سے جو بے حد رحم والا، نہایت مہربان ہے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

### عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | وَأَبًّا | گھاس | 01 | وَفَاكِهَةً وَأَبًّا<br>"اور پھل اور چارا۔" |
| 2 | إِثْمٌ | گناہ | 35 | فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ<br>"ان دونوں میں بہت بڑا گناہ ہے۔" |
| 3 | الْأُذُنَ | کان | 18 | وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ<br>"اور کان کے بدلے کان۔" |
| 4 | آلَاءِ | احسانات | 34 | فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>"تو (اے جن وانس!) تم دونوں اپنے رب کی نعمتوں میں سے کس کس کو جھٹلاؤ گے؟" |
| 5 | أَبْصَارُ | آنکھیں | 48 | وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ<br>"اور ان کی نگاہوں پر بھاری پردہ ہے۔" |
| 6 | النَّارِ | آگ | 136 | وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ<br>"اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔" |
| 7 | الْمَلَائِكَةُ | فرشتے | 75 | فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ<br>"تو فرشتوں نے سب کے سب نے، تمام نے سجدہ کیا۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حَمَلَ | یَحْمِلُ | إِحْمِلْ | لَاتَحْمِلْ | 65 | اُٹھانا |
| مثال | وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ<br>''اور تیرے رب کا عرش اس دن آٹھ (فرشتے) اپنے اوپر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔'' | | | | | |
| 2 | رَجَعَ | يَرْجِعُ | إِرْجِعْ | لَاتَرْجِعْ | 79 | لوٹنا |
| مثال | وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ<br>''اور سب کے سب کام اسی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔'' | | | | | |
| 3 | زَادَ | يَزِيْدُ | زِدْ | لَاتَزِدْ | 49 | بڑھنا، بڑھانا |
| مثال | وَيَزِيدُهُمْ مِنْ فَضْلِهِ<br>''اور انھیں اپنے فضل سے زیادہ دیتا ہے۔'' | | | | | |
| 4 | صَبَرَ | يَصْبِرُ | إِصْبِرْ | لَاتَصْبِرْ | 103 | برداشت کرنا |
| مثال | وَأَنْ تَصْبِرُوا خَيْرٌ لَكُمْ<br>''اور یہ کہ تم صبر کرو تمھارے لیے بہتر ہے۔'' | | | | | |
| 5 | ظَلَمَ | يَظْلِمُ | إِظْلِمْ | لَاتَظْلِمْ | 110 | ظلم کرنا |
| مثال | إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ<br>''بے شک اللہ ایک ذرے کے برابر ظلم نہیں کرتا۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر:3

## 1۔ قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر3

نون تنوین اور میم مشدد پر غنہ کیا جائے گا۔ غنہ کا مطلب ہوتا ہے:

"آواز ناک میں لے جانا اور تھوڑا سا دبا کے پڑھنا۔"

مثال: (استادِ محترم مشق کروائیں)

إِنَّ اللّٰهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

"بے شک اللہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔"

وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا

"اور مال سے محبت کرتے ہو، بہت زیادہ محبت کرنا۔"

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | لِ | کے لیے | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ<br>"سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | لَ | ضرور | وَتَاللّٰهِ لَأَكِيدَنَّ أَصْنَامَكُم<br>''اور اللہ کی قسم! میں ضرور ہی تمھارے بتوں کی خفیہ تدبیر کروں گا۔'' |

3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

## اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | امام | 12 | وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا<br>''اور ہمیں پرہیز گاروں کا امام بنا۔'' |
| 2 | امن | 03 | أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ<br>''یہی لوگ ہیں جن کے لیے امن ہے۔'' |
| 3 | انسان | 65 | إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ<br>''کہ بے شک ہر انسان یقیناً گھاٹے میں ہے۔'' |
| 4 | ایوب | 04 | وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ<br>''اور ایوب کو (یاد کرو) جب اس نے اپنے رب کو پکارا۔'' |
| 5 | بابل | 01 | وَمَا أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ<br>''جو بابل میں دو فرشتوں ہاروت اور ماروت پر اتاری گئی۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



4۔ سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | أَيْنَمَا | جہاں بھی | 04 | فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ<br>"تو تم جس طرف رخ کرو، سو وہیں اللہ کا چہرہ ہے۔" |
| 2 | إِمْرَأَةٌ | عورت | 26 | وَقَالَتِ امْرَأَتُ فِرْعَوْنَ<br>"اور فرعون کی بیوی نے کہا۔" |
| 3 | إِمَامًا | سامنے | 12 | وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا<br>"اور ہمیں پرہیز گاروں کا امام بنا۔" |
| 4 | أُمٌّ | ماں | 34 | وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ آيَةً<br>"اور ہم نے ابن مریم اور اس کی ماں کو عظیم نشانی بنایا۔" |
| 5 | أَفْوَاه | منہ (جمع) | 12 | ذَٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ<br>"یہ تمھارا اپنے مونہوں سے کہنا ہے۔" |
| 6 | فَضْلٌ | فضیلت | 86 | وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ<br>"اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔" |
| 7 | عَلِيمٌ | جاننے والا | 140 | إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ<br>"بے شک اللہ سینوں کی بات کو خوب جاننے والا ہے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سَمِعَ | یَسْمَعُ | إِسْمَعْ | لَا تَسْمَعْ | 185 | سننا |
| مثال | قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا<br>"یقیناً اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو تجھ سے اپنے خاوند کے بارے میں جھگڑ رہی تھی۔" | | | | | |
| 2 | نَكَحَ | یَنْكِحُ | إِنْكِحْ | لَا تَنْكِحْ | 23 | نکاح کرنا |
| مثال | وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ<br>"اور ان عورتوں سے نکاح مت کرو جن سے تمھارے باپ نکاح کر چکے ہوں۔" | | | | | |
| 3 | ضَرَبَ | یَضْرِبُ | إِضْرِبْ | لَا تَضْرِبْ | 58 | مارنا/بیان کرنا |
| مثال | فَقُلْنَا اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ<br>"تو ہم نے کہا اپنی لاٹھی اس پتھر پر مار۔" | | | | | |
| 4 | عَرَفَ | یَعْرِفُ | إِعْرِفْ | لَا تَعْرِفْ | 70 | پہچاننا |
| مثال | يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ<br>"مجرم اپنی علامت سے پہچانے جائیں گے۔" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 4

## 1۔ قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر 4

آیت کے اختتام پر یا جہاں بھی وقف کرنا ہو آخری حرف کی حرکت کو نہیں پڑھا جاتا۔ اگر ''ۃ'' ہو تو اس کو ''ہ'' میں تبدیل کر دیتے ہیں اور اگر دو زبر ہو تو اس کو الف سے بدل کے پڑھتے ہیں اس کے علاوہ تمام حرکات ساکن رہیں گی۔

مثال: اَلْقَارِعَةُ (1) مَا الْقَارِعَةُ ۔

''وہ کھٹکھٹانے والی۔ کیا ہے وہ کھٹکھٹانے والی؟''

وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا

''اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔''

إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ

''اگر تم مومن ہو۔''

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | ن | ہم | إِيَّاكَ نَعْبُدُ<br>''ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | و | اور | وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ<br>اور آخرت پر وہی یقین رکھتے ہیں۔ |

3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | بری | 09 | أَنَّ اللَّهَ بَرِيءٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ<br>''اللہ مشرکوں سے بری ہے۔'' |
| 2 | بعد | 24 | مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ<br>''اس کے بعد۔'' |
| 3 | بعض | 58 | وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ<br>''اور مومن مرد اور مومن عورتیں، ان کے بعض بعض کے دوست ہیں۔'' |
| 4 | تابوت | 08 | أَنْ يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ<br>''یہ ہے کہ تمھارے پاس وہ صندوق آ جائے گا۔'' |
| 5 | تجارت | 09 | رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ<br>''وہ بڑی شان والے مرد جنھیں اللہ کے ذکر سے (اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے سے) نہ کوئی تجارت غافل کرتی ہے اور نہ کوئی خرید و فروخت۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

### عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | أَيٌّ | کون، جو | 34 | قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً قُلِ اللّٰهُ<br>کہہ کون سی چیز گواہی میں سب سے بڑی ہے؟ کہہ اللہ!۔" |
| 2 | أَنّٰى | کیسے، کیوں، کہاں سے | 27 | قَالَ أَنّٰى يُحْيِي هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا<br>"اس نے کہا اللہ اس کو اس کے مرنے کے بعد کیسے زندہ کرے گا۔" |
| 3 | أَيْنَمَا | کہاں | 92 | أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ<br>"تم جہاں کہیں بھی ہو گے موت تمہیں پالے گی۔" |
| 4 | اهل، اولو، اولی | والا، والے | 127 | فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ<br>"سوذکر والوں سے پوچھ لو۔"<br>أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبٰى<br>"کہ قرابت والوں کو دیں۔" |
| 5 | يَدٌ، يَدَيْهِ | ہاتھ | 120 | يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ<br>"اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے۔"<br>مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ<br>"اس کے آگے۔" |
| 6 | سَوْفَ | عنقریب | 43 | فَسَوْفَ نُصْلِيهِ نَارًا<br>"تو عنقریب ہم اسے سخت ہولناک آگ میں جھونکیں گے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 7 | اَلْمُسْلِمُ | فرماں بردار | 48 | وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ<br>''اور میں حکم ماننے والوں میں سب سے پہلا ہوں۔'' |

## 5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عَقَلَ | يَعْقِلُ | إِعْقِلْ | لَا تَعْقِلْ | 47 | سمجھنا |
| مثال | إِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُونَ<br>''اگر تم سمجھتے ہو۔'' | | | | | |
| 2 | غَفَرَ | يَغْفِرُ | إِغْفِرْ | لَا تَغْفِرْ | 65 | بخشنا |
| مثال | وَقُولُوا حِطَّةٌ نَغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ<br>''اور کہو بخش دے، تو ہم تمھیں تمھاری خطائیں بخش دیں گے۔'' | | | | | |
| 3 | غَرَّ | يَغُرُّ | إِغْرِرْ | لَا تَغْرِرْ | 27 | دھوکا دینا |
| مثال | فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ<br>''تو ان کا شہروں میں چلنا پھرنا تجھے دھوکے میں نہ ڈال دے۔'' | | | | | |
| 4 | قَدَرَ | يَقْدِرُ | إِقْدِرْ | لَا تَقْدِرْ | 132 | قادر ہونا |
| مثال | أَيَحْسَبُ أَنْ لَنْ يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ<br>''کیا وہ خیال کرتا ہے کہ اس پر کبھی کوئی قادر نہیں ہوگا؟'' | | | | | |
| 5 | قَضَى | يَقْضِي | إِقْضِ | لَا تَقْضِ | 63 | حکم دینا |
| مثال | كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ.<br>''ہرگز نہیں، ابھی تک اس نے وہ کام پورا نہیں کیا جس کا اس نے اسے حکم دیا۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 5

## 1۔ قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر 5

نون ساکن یا نون تنوین کے بعد اگر ''با'' آجائے تو اسے میم میں بدل کے پڑھیں گے، جیسا کہ ''مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ'' اسے اقلاب کہتے ہیں۔ اقلاب کا مطلب ہوتا ہے بدل دینا، کیونکہ ہم نون اور با کو ملا کر میم میں تبدیل کر دیتے ہیں اس لیے اسے ''اقلاب'' کہا جاتا ہے۔

مثال:

مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ ''اس کے آگے۔''

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | ء (ہمزہ) سوالیہ | کیا | أَأَنتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَاءُ بَنَاهَا ''کیا پیدا کرنے میں تم زیادہ مشکل ہو یا آسمان؟ اس نے اسے بنایا۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | ء (ہمزہ) واحد متکلم | میں | إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ<br>"بے شک مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلا شخص بنوں جو فرماں بردار بنا۔" |

3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | تحت | 63 | تَحْتَ الشَّجَرَةِ<br>"درخت کے نیچے۔" |
| 2 | ثمود | 26 | وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا<br>"اور ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو (بھیجا)۔" |
| 3 | ثواب | 13 | وَحُسْنَ ثَوَابِ الْآخِرَةِ<br>"اور آخرت کا اچھا بدلہ بھی۔" |
| 4 | حدید | 08 | وَأَنْزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ<br>"اور ہم نے لوہا اتارا جس میں سخت لڑائی (کا سامان) ہے۔" |
| 5 | مجرم | 50 | وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ<br>"خواہ مجرم ناپسند ہی کریں۔" |

4۔ سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | أَلَّا | کہ نہیں | 98 | وَقَضَىٰ رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ''اور تیرے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔'' |
| 2 | آلَ | اولاد، خاندان | 28 | اعْمَلُوا آلَ دَاوُودَ شُكْرًا ''اے داؤد کے گھر والو! شکر ادا کرنے کے لیے عمل کرو۔'' |
| 3 | آمِنِينَ | محفوظ | 10 | إِنْ شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ''اگر اللہ نے چاہا، امن کی حالت میں۔'' |
| 4 | أَبٌ | والد | 46 | وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا ''اور ان کا باپ نیک تھا۔'' |
| 5 | أَجْرٌ | بدلہ | 105 | وَاللَّهُ عِنْدَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ''اور جو اللہ ہے اسی کے پاس بہت بڑا اجر ہے۔'' |
| 6 | ذَاتِ | والا | 30 | إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ''بے شک اللہ سینوں کی بات کو خوب جاننے والا ہے۔'' |
| 7 | أُجَاج | سخت نمکین | 01 | لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ أُجَاجًا ''اگر ہم چاہیں تو اسے سخت نمکین بنا دیں۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | كَذَبَ | يَكْذِبُ | إِكْذِبْ | لَاتَكْذِبْ | 11 | جھوٹ بولنا |
| مثال | فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللَّهِ<br>''پھر اس سے زیادہ کون ظالم ہے جس نے اللہ پر جھوٹ بولا۔'' | | | | | |
| 2 | كَفٰى | يَكْفِي | إِكْفِ | لَاتَكْفِ | 33 | کافی ہونا |
| مثال | قُلْ كَفٰى بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ<br>''کہہ دے میرے درمیان اور تمھارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے۔'' | | | | | |
| 3 | كَسَبَ | يَكْسِبُ | إِكْسِبْ | لَاتَكْسِبْ | 67 | کمانا |
| مثال | مَا أَغْنٰى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ<br>''نہ اس کے کام اس کا مال آیا اور نہ جو کچھ اس نے کمایا۔'' | | | | | |
| 4 | كَادَ | يَكَادُ | كَدْ | لَاتَكَدْ | 35 | قریب دینا |
| مثال | إِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ آلِهَتِنَا لَوْلَا أَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا<br>''بے شک یہ تو قریب تھا کہ ہمیں ہمارے معبودوں سے گمراہ ہی کر دیتا، اگر یہ نہ ہوتا کہ ہم ان پر جمے رہے۔'' | | | | | |
| 5 | مَلَكَ | يَمْلِكُ | إِمْلِكْ | لَاتَمْلِكْ | 44 | مالک بننا |
| مثال | مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ<br>''بدلے کے دن کا مالک ہے۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 6

## 1۔ قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر 6

جب نون ساکن یا نون تنوین کے بعد "ی، ر، م، ل، و، ن" جن کا مجموعہ "یرملون" ہے میں سے کوئی حرف آجائے تو ادغام کیا جاتا ہے۔ ادغام کا مطلب ہوتا ہے: ملانا یا داخل کرنا، چونکہ یہ حروف آپس میں ملا دیے جاتے ہیں اس لیے اسے ادغام بولتے ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کی "ی، م، و، ن" پر ادغام مع الغنہ ہوگا، جبکہ "ل" اور "ر" پر ادغام بلا غنہ ہوگا۔

مثال:

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُولُ آمَنَّا

"اور لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو کہتے ہیں ہم ایمان لائے۔"

مِنْ لَّدُنْ حَكِيمٍ خَبِيرٍ (بقیہ امثلہ خود تلاش کریں۔)

"ایک کمال حکمت والے کی طرف سے جو پوری خبر رکھنے والا ہے۔"

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ.

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | ی متکلم (آخر میں) | میں | إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ<br>"بے شک میں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | ی (علامتِ مضارع) | وہ مرد | يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالًا لُبَدًا<br>"کہتا ہے میں نے ڈھیروں مال برباد کر ڈالا۔" |

3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

## اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | جرم | 05 | لَا جَرَمَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ<br>"کوئی شک نہیں کہ اللہ جانتا ہے۔" |
| 2 | جاہل | 10 | أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ<br>"میں اللہ کی پناہ پکڑتا ہوں کہ میں جاہلوں سے ہو جاؤں۔" |
| 3 | جہنم | 80 | وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ<br>"اور بے شک جہنم کافروں کو ضرور گھیرنے والی ہے۔" |
| 4 | حجاب | 07 | أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ<br>"یا پردے کے پیچھے سے۔" |
| 5 | جنت | 90 | فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ<br>"تو (اس کے لیے) راحت اور خوشبودار پھول اور نعمت والی جنت ہے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 4۔ چھ عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

### عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | أَجْمَعِينَ | تمام | 26 | أُولَئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ<br>"ایسے لوگ ہیں جن پر اللہ کی اور فرشتوں اور لوگوں کی، سب کی لعنت ہے۔" |
| 2 | أَخِيهِ | بھائی | 75 | فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ شَيْءٌ<br>"پھر جسے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ بھی معاف کر دیا جائے۔" |
| 3 | أَدْنَى | قریب | 10 | أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَى<br>"کیا تم وہ چیز جو کمتر ہے، اس چیز کے بدلے مانگ رہے ہو جو بہتر ہے۔" |
| 4 | الْأَرْحَامُ | رشتہ | 12 | وَأُولُو الْأَرْحَامِ<br>"اور رشتے دار۔" |
| 5 | أَحْسَنُ | زیادہ اچھا | 36 | فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ<br>"سب سے اچھی بناوٹ میں۔" |
| 6 | جَبَّارٌ | زبردست | 10 | وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ<br>"اور تو ان پر کوئی زبردستی کرنے والا نہیں۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | وَجَدَ | يَجِدُ | جِدْ | لَاتَجِدْ | 107 | پانا، حاصل کرنا |
| مثال | إِنِّي وَجَدْتُ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ<br>"بے شک میں نے ایک عورت کو پایا کہ ان پر حکومت کر رہی ہے۔" | | | | | |
| 2 | وَعَدَ | يَعِدُ | عِدْ | لَاتَعِدْ | 70 | وعدہ کرنا |
| مثال | وَكُلًّا وَعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنَىٰ<br>"اور ہر ایک سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ کیا ہے۔" | | | | | |
| 3 | وَصَفَ | يَصِفُ | صِفْ | لَاتَصِفْ | 14 | بیان کرنا |
| مثال | سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يَصِفُونَ<br>"وہ پاک ہے اور بہت بلند ہے اس سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔" | | | | | |
| 4 | وَزَرَ | يَزِرُ | زِرْ | لَاتَزِرْ | 45 | برداشت کرنا |
| مثال | وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ<br>"اور کوئی بوجھ اٹھانے والی (جان) کسی دوسری کا بوجھ نہیں اٹھائے گی۔" | | | | | |
| 5 | وَقَىٰ | يَقِيْ | قِ | لَاتَقِ | 16 | بچنا، بچانا |
| مثال | يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا<br>"اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ۔" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 7

## 1۔ قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر 7

نون ساکن یا نون تنوین کے بعد اگر حروفِ حلقی یعنی "ء، ہ، ع، ح، غ، خ" میں سے کوئی حرف آجائے تو وہاں پر اظہار کیا جائے گا، یعنی غنہ نہیں کریں گے، صرف نون کی آواز کو ظاہر کر کے پڑھیں گے۔

مثال: فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ

"پس لیکن وہ شخص جسے اس کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا گیا۔"

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | لَمْ | ہرگز نہیں | لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ<br>"نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا۔" |
| 2 | قَدْ<br>لَقَدْ | تحقیق | لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ<br>"بلا شبہ یقیناً تمھارے لیے اللہ کے رسول میں ہمیشہ سے اچھا نمونہ ہے۔"<br>قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّىٰ<br>"تحقیق وہ کامیاب ہو گیا جو پاک ہو گیا۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | حرام | 26 | هَذَا حَلَالٌ وَهَذَا حَرَامٌ<br>''یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے۔'' |
| 2 | حساب | 46 | يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ<br>''جس دن حساب قائم ہوگا۔'' |
| 3 | حافظ | 25 | فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا<br>''سو اللہ بہتر حفاظت کرنے والا ہے۔'' |
| 4 | محفوظ | 04 | فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ<br>''اس تختی میں (لکھا ہوا) ہے جس کی حفاظت کی گئی ہے۔'' |
| 5 | حق | 244 | وَيُرِيدُ اللَّهُ أَنْ يُحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ<br>''اور اللہ چاہتا تھا کہ حق کو اپنی باتوں کے ساتھ سچا کردے۔'' |

4۔ سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | أَشَدُّ | شدید ترین | 28 | وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ<br>"اور وہ لوگ جو ایمان لائے، اللہ سے محبت میں کہیں زیادہ ہیں۔" |
| 2 | وجه، وجوه | چہرہ | 71 | وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ<br>"اور تیرے رب کا چہرہ باقی رہے گا۔" |
| 3 | وَيْلٌ | افسوس | 40 | وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ<br>"بڑی ہلاکت ہے ماپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے۔" |
| 4 | بينة، بينات | نشانی، گواہی | 55 | لَمَّا جَاءَنِيَ الْبَيِّنَاتُ<br>"جب میرے پاس میرے رب کی طرف سے واضح دلیلیں آئیں۔" |
| 5 | بَحْرٍ | سمندر | 41 | فِي بَحْرٍ لُجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ<br>"جو نہایت گہرے سمندر میں ہوں، جسے ایک موج ڈھانپ رہی ہو۔" |
| 6 | مُبِينٌ | واضح | 119 | إِنَّ الشَّيْطَانَ لِلْإِنْسَانِ عَدُوٌّ مُبِينٌ<br>"بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔" |
| 7 | مُؤْمِنٌ | ایمان والا | 314 | وَهُوَ مُؤْمِنٌ<br>"اور وہ مومن ہو۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | هَدٰى | يَهْدِيْ | إِهْدِ | لَا تَهْدِ | 144 | رہنمائی کرنا |
| مثال | وَاللّٰهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ<br>''اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔'' | | | | | |
| 2 | ضَلَّ | يَضِلُّ | إِضْلِلْ | لَا تَضْلِلْ | 191 | گمراہ ہونا |
| مثال | فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ<br>''تو یقیناوہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔'' | | | | | |
| 3 | صَدَّ | يَصُدُّ | أُصْدُدْ | لَا تَصْدُدْ | 42 | روکنا |
| مثال | الَّذِينَ يَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا<br>''جو اللہ کے راستے سے روکتے اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں۔'' | | | | | |
| 4 | أَمَرَ | يَأْمُرُ | مُرْ | لَا تَأْمُرْ | 248 | حکم دینا |
| مثال | وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُولًا<br>''اور اللہ کا حکم ہمیشہ (پورا) کیا ہوا ہے۔'' | | | | | |
| 5 | أَخَذَ | يَأْخُذُ | خُذْ | لَا تَأْخُذْ | 273 | لینا، حاصل کرنا |
| مثال | وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ<br>''اور جب اللہ نے سب نبیوں سے پختہ عہد لیا۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 8

## 1۔ قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر 8

نون ساکن اور نون تنوین کے بعد اگر حروفِ حلقی، حروفِ یرملون، الف اور با کے علاوہ باقی پندرہ حروف میں سے کوئی حرف آ جائے تو وہاں اخفاء ہوگا۔ اخفا کا مطلب ہے: ’’چھپانا، یعنی آدھا غنہ کیا جائے گا آواز ناک میں لے جائیں گے، لیکن دبائیں گے نہیں۔

مثال: (استادِ محترم پڑھ کر بتائیں)

فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ

’’تو لیکن وہ شخص جس کے پلڑے بھاری ہو گئے۔‘‘

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | إِنْ | اگر | إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ<br>’’اگر تم مومن ہو۔‘‘ |
| 2 | أَنْ | یہ کہ | أَنْ يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ<br>’’یہ کہ تم میں سے کسی کو موت آ جائے۔‘‘ |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | حکم | 17 | إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ<br>''فیصلہ اللہ کے سوا کسی کے اختیار میں نہیں۔'' |
| 2 | حکمت | 04 | وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ<br>''اور انھیں کتاب وحکمت سکھائے۔'' |
| 3 | حکیم | 97 | إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ<br>''تیرا رب کمال حکمت والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔'' |
| 4 | حلال | 06 | يَاأَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا<br>''اے لوگو! ان چیزوں میں سے جو زمین میں ہیں حلال، پاکیزہ کھاؤ۔'' |
| 5 | خوف | 27 | وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ<br>''اور ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔'' |



4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



## عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | صُمٌّ | بہرہ | 12 | صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ<br>''بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں، پس وہ نہیں لوٹتے۔'' |
| 2 | أَظْلَمُ | بڑا ظالم | 16 | وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا<br>''اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے اللہ پر کوئی جھوٹ باندھا۔'' |
| 3 | بَيْنِ | درمیان | 23 | عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ<br>''اس کے درمیان جوان عمر کی ہے۔'' |
| 4 | ذُبِحَ | قربان کرنا | — | وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ<br>''اور جو تھانوں پر ذبح کیا گیا ہو۔'' |
| 5 | بَعْدِ | بعد | 141 | لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا<br>''تاکہ وہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے۔'' |
| 6 | بَلَىٰ | کیوں نہیں | 43 | بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ<br>''کیوں نہیں، جس نے اپنا چہرہ اللہ کے تابع کر دیا۔'' |
| 7 | ظُهُورُ | پیٹھ | 15 | وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ<br>''اپنی پیٹھوں کے پیچھے (پھینک دیا)۔'' |



'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | أَكَلَ | يَأْكُلُ | كُلْ | لَاتَأْكُلْ | 109 | کھانا |
| مثال | وَمَآ أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ<br>"اور جسے درندے نے کھایا ہو، مگر جو تم ذبح کرلو" | | | | | |
| 2 | بَسَطَ | يَبْسُطُ | أُبْسُطْ | لَاتَبْسُطْ | 25 | پھیلنا |
| مثال | اللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ<br>"اللہ رزق فراخ کردیتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے۔" | | | | | |
| 3 | بَلَغَ | يَبْلُغُ | أُبْلُغْ | لَاتَبْلُغْ | 77 | پہنچنا، پہنچانا |
| مثال | وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ<br>"اور جب تم میں سے بچے بلوغت کو پہنچ جائیں۔" | | | | | |
| 4 | تَلَا | يَتْلُوْ | أُتْلُ | لَاتَتْلُ | 63 | تلاوت کرنا |
| مثال | يَتْلُوْ صُحُفًا مُّطَهَّرَةً<br>"جو پاک صحیفے پڑھ کر سنائے۔" | | | | | |
| 5 | تَرَكَ | يَتْرُكُ | أُتْرُكْ | لَاتَتْرُكْ | 43 | ترک کرنا، چھوڑنا |
| مثال | لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُوْنَ<br>"مردوں کے لیے اس میں سے ایک حصہ ہے جو والدین اور قریبی رشتہ دار چھوڑ جائیں۔" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر:9

## 1۔قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر 9

"قُطُبُ جَدٍّ" اس مجموعہ حروف میں سے اگر کسی بھی حرف پر وقف کرنا ہوگا تو اس کوزور سے ہلا کر پڑھیں گے، اسے "قلقلہ" کہتے ہیں۔

مثال:

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ "کہہ دے وہ اللہ ایک ہے۔"

اس میں "أَحَدٌ" کی حرف دال۔

## 2۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | مِنْ | سے | فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ<br>"تو مردود شیطان سے اللہ کی پناہ طلب کر۔" |
| 2 | مَنْ | جو | وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ<br>"اور لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | خیر | 178 | وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا<br>"اور جسے دانائی عطا کی جائے تو بلاشبہ اسے بہت زیادہ بھلائی دے دی گئی۔" |
| 2 | خیرات | 12 | فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ<br>"سونیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو۔" |
| 3 | درجہ | 19 | وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ<br>"اور مردوں کو ان پر ایک درجہ حاصل ہے۔" |
| 4 | دعا | 23 | إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ<br>"بے شک تو ہی دعا کو بہت سننے والا ہے۔" |
| 5 | دعوت | 07 | لَهُ دَعْوَةُ الْحَقِّ<br>"برحق پکارنا صرف اسی کے لیے ہے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 4۔ سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

### عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اَلْأَعْرَابُ | دیہاتی | 10 | قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا<br>"بدویوں نے کہا ہم ایمان لے آئے۔" |
| 2 | أَعْلَمُ | زیادہ جاننے والا | 33 | هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَىٰ<br>"وہ زیادہ جاننے والا ہے کہ کون بچا۔" |
| 3 | جَهَنَّمَ | دوزخ | 102 | وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ<br>"اور بے شک جہنم کافروں کو ضرور گھیرنے والی ہے۔" |
| 4 | جَمِيعًا | تمام، ہر کوئی | 53 | قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا<br>"ہم نے کہا سب کے سب اس سے اتر جاؤ۔" |
| 5 | جَبَلٍ | پہاڑ | 39 | لَوْ أَنْزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ<br>"اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر اتارتے۔" |
| 6 | الظِّلُّ | سایہ | 11 | وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ<br>"اور نہ سایہ اور نہ لُو۔" |
| 7 | الْعَالَمِينَ | کائنات | 73 | الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ<br>"سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبرشمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تَابَ | يَتُوْبُ | تُبْ | لَاتَتُبْ | 63 | توبہ کرنا |
| مثال | فَمَنْ تَابَ مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ<br>"پھر جو اپنے ظلم کے بعد توبہ کرلے اور اصلاح کرے۔" | | | | | |
| 2 | حَشَرَ | يَحْشُرُ | اُحْشُرْ | لَاتَحْشُرْ | 43 | جمع ہونا |
| مثال | وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ<br>"اور جس دن اللہ کے دشمن آگ کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے۔" | | | | | |
| 3 | حَكَمَ | يَحْكُمُ | اُحْكُمْ | لَاتَحْكُمْ | 210 | فیصلہ کرنا |
| مثال | اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ<br>"بے شک اللہ نے بندوں کے درمیان فیصلہ کردیا ہے۔" | | | | | |
| 4 | خَرَجَ | يَخْرُجُ | اُخْرُجْ | لَاتَخْرُجْ | 180 | نکلنا |
| مثال | وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ<br>"اور جو شہر پاکیزہ ہے اس کی کھیتی اس کے رب کے حکم سے نکلتی ہے۔" | | | | | |
| 5 | خَلَدَ | يَخْلُدُ | اُخْلُدْ | لَاتَخْلُدْ | 87 | ہمیشہ رہنا |
| مثال | وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ<br>"اور بڑی بڑی عمارتیں بناتے ہو، شاید کہ تم ہمیشہ رہو گے۔" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر:10

## 1۔قرآنِ مجید کو درست پڑھنے کا اصول نمبر 10

لفظ اللہ کو ''اسمِ جلالہ'' کہتے ہیں اس سے پہلے اگر زبر اور پیش ہو تو اللہ کے لام کو پُر یعنی موٹا کر کے پڑھیں گے اور اگر زیر ہو تو باریک پڑھیں گے۔

مثال: إِنَّ اللّٰهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (لفظ 'اللہ' سے قبل زبر کی مثال)

''بے شک اللہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔''

قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللّٰهِ (لفظ 'اللہ' سے قبل پیش کی مثال)

''اس نے کہا: بے شک میں اللہ کا بندہ ہوں۔''

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ (لفظ 'اللہ' سے قبل زیر کی مثال)

''اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے۔''

## 2۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | مَا (موصولہ) | جو | لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ<br>''اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | مَا (استفہامیہ) | کیا | فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا<br>''تو وہ کہتے ہیں اللہ نے اس کے ساتھ مثال دینے سے کیا ارادہ کیا؟'' |

3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

## اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | دنیا | 110 | رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً<br>''اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی دے۔'' |
| 2 | دین | 96 | الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ<br>''آج میں نے تمھارے لیے تمھارا دین کامل کر دیا۔'' |
| 3 | ذکر | 95 | وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ<br>''اور یقیناً اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے۔'' |
| 4 | تذکرہ | 10 | وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِلْمُتَّقِينَ<br>''اور بے شک یہ (قرآن) ڈرنے والوں کے لیے یقیناً ایک نصیحت ہے۔'' |
| 5 | یوم، ایام | 364 | مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ<br>''بدلے کے دن کا مالک ہے۔''<br>أَيَّامًا مَعْدُودَاتٍ<br>''گنے ہوئے چند دنوں میں۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | حَوْل | اردگرد | 13 | حَوْلِ الْعَرْشِ<br>''عرش کے گرد۔'' |
| 2 | حَيْثُ | جہاں کہیں | 16 | وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا<br>''اور دونوں اس میں سے کھلا کھاؤ جہاں چاہو۔'' |
| 3 | وَرَاء | پیچھے | 17 | مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ<br>''یا پردے کے پیچھے سے۔'' |
| 4 | لَدُنْ | پاس | 17 | مِنْ لَدُنْ حَكِيمٍ خَبِيرٍ<br>''ایک کمال حکمت والے کی طرف سے جو پوری خبر رکھنے والا ہے۔'' |
| 5 | الْحَسَنَات | نیکی | 31 | إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ<br>''بے شک نیکیاں برائیوں کو لے جاتی ہیں۔'' |
| 6 | عَزِيزٌ | غالب | 63 | وَاللّٰهُ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ<br>''اور اللہ سب پر غالب، بدلہ لینے والا ہے۔'' |
| 7 | عَصًا | ڈنڈا | 10 | فَقُلْنَا اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ<br>''تو ہم نے کہا اپنی لاٹھی اس پتھر پر مار۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | خَلَقَ | يَخْلُقُ | أُخْلُقْ | لَا تَخْلُقْ | 184 | پیدا کرنا |
| مثال | هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا<br>"وہی ہے جس نے زمین میں جو کچھ ہے سب تمھارے لیے پیدا کیا۔" | | | | | |
| 2 | دَعَا | يَدْعُوْ | أُدْعُ | لَا تَدْعُ | 212 | پکارنا، بلانا |
| مثال | هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ<br>"وہیں زکریا نے اپنے رب سے دعا کی۔" | | | | | |
| 3 | دَخَلَ | يَدْخُلُ | أُدْخُلْ | لَا تَدْخُلْ | 76 | داخل ہونا |
| مثال | كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا<br>"جب کبھی زکریا اس کے پاس عبادت خانے میں داخل ہوتا، اس کے پاس کوئی نہ کوئی کھانے کی چیز پاتا۔" | | | | | |
| 4 | ذَكَرَ | يَذْكُرُ | أُذْكُرْ | لَا تَذْكُرْ | 84 | یاد کرنا |
ضَرَبْتُ (مارا میں ایک مرد، عورت نے)

ضَرَبْنَا (مارا ہیں سب مرد دو، عورتوں نے)

## 2۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | عِنْدَ | پاس | إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ<br>"بے شک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔" |
| 2 | لَعَلَّ | شاید | وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ<br>"اور تجھے کون سی چیز آگاہ کرتی ہے، شاید کہ قیامت قریب ہو۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | اسلام | 06 | إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ<br>''بے شک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔'' |
| 2 | مسلم | 49 | وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ<br>''اور میں حکم ماننے والوں میں سب سے پہلا ہوں۔'' |
| 3 | سلیمان | 17 | وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ<br>''اور ہم نے داؤد کو سلیمان عطا کیا۔'' |
| 4 | سورت | 09 | سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا<br>''(یہ) ایک عظیم سورت ہے، ہم نے اسے نازل کیا اور ہم نے اسے فرض کیا۔'' |
| 5 | مشرق | 11 | رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ<br>''مشرق ومغرب کا رب ہے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



4۔ سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مِائَةَ | سو | 10 | قَالَ بَلْ لَبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ<br>فرمایا بلکہ تو سو (۱۰۰) سال رہا ہے۔" |
| 2 | سِنِينَ | سال | 11 | تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِينَ دَأَبًا<br>"تم سات سال پے در پے کاشت کرو گے۔" |
| 3 | ذٰلِكَ | وہ (ایک مذکر) | 461 | ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ<br>"یہ کتاب، اس میں کوئی شک نہیں۔" |
| 4 | ذَانِكَ | وہ (دو مذکر) | 1 | فَذَانِكَ بُرْهَانَانِ مِنْ رَبِّكَ<br>"سو یہ دونوں تیرے رب کی جانب سے (فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف) دو دلیلیں ہیں۔" |
| 5 | أُولٰئِكَ | وہ سب | 417 | أُولٰئِكَ عَلٰى هُدًى مِنْ رَبِّهِمْ<br>"یہ لوگ اپنے رب کی طرف سے بڑی ہدایت پر ہیں۔" |
| 6 | الْمَصِيرُ | لوٹنے کی جگہ | 28 | وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ<br>"اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔" |
| 7 | مَكْرًا | منصوبہ | 19 | وَمَكَرُوا مَكْرًا كُبَّارًا<br>"اور انھوں نے خفیہ تدبیر کی، بہت بڑی خفیہ تدبیر۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شَهِدَ | يَشْهَدُ | إِشْهَدْ | لَا تَشْهَدْ | 160 | حاضر ہونا |
| مثال | فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ<br>"تو تم میں سے جو اس مہینے میں حاضر ہو وہ اس کا روزہ رکھے۔" | | | | | |
| 2 | عَلِمَ | يَعْلَمُ | إِعْلَمْ | لَا تَعْلَمْ | 382 | جاننا |
| مثال | كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَتَسْبِيحَهُ<br>"ہر ایک نے یقیناً اپنی نماز اور اپنی تسبیح جان لی ہے۔" | | | | | |
| 3 | عَمِلَ | يَعْمَلُ | إِعْمَلْ | لَا تَعْمَلْ | 276 | عمل کرنا |
| مثال | مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ<br>"جو بھی نیک عمل کرے، مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو۔" | | | | | |
| 4 | رَضِيَ | يَرْضَى | إِرْضَ | لَا تَرْضَ | 73 | راضی ہونا |
| مثال | لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ<br>"بلاشبہ یقیناً اللہ ایمان والوں سے راضی ہو گیا، جب وہ اس درخت کے نیچے تجھ سے بیعت کر رہے تھے۔" | | | | | |
| 5 | فَهِمَ | يَفْهَمُ | إِفْهَمْ | لَا تَفْهَمْ | 22 | سمجھنا |
| مثال | فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ وَكُلًّا آتَيْنَا حُكْمًا وَعِلْمًا<br>"تو ہم نے وہ (فیصلہ) سلیمان کو سمجھا دیا اور ہم نے ہر ایک کو حکم اور علم عطا کیا۔" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 23

## 1۔ قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 03

"ا، ت، ی، ن" فعل مضارع کی علامات ہیں، یعنی جن افعال کے شروع میں ان علامات میں سے کوئی علامت آئے گی وہ فعل عمومی طور پر مضارع کا صیغہ ہوگا۔

مثال:

يَضْرِبُ (مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد)

تَضْرِبُ (مارتا ہے یا مارے گا تو ایک مرد)

أَضْرِبُ (مارتا ہوں یا ماروں گا میں ایک مرد، عورت)

نَضْرِبُ (مارتے ہیں یا ماریں گے ہم سب مرد، عورتیں)

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | فِي | میں | وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ<br>"اور اللہ کے راستے میں لڑو۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | حَاشَ | قسم | حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا<br>''اللہ کی پناہ! یہ کوئی آدمی نہیں ہے۔'' |

3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | شرک | 08 | أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ<br>''یا آسمانوں میں ان کا کوئی حصہ ہے۔'' |
| 2 | شرکاء | 34 | أَمْ جَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَاءَ<br>''یا انھوں نے اللہ کے لیے کچھ شریک بنا لیے ہیں۔'' |
| 3 | مشرک | 42 | وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ<br>''اور شرک کرنے والوں سے نہ ہو جاؤ۔'' |
| 4 | شیطان | 89 | إِنَّ الشَّيْطَانَ لِلْإِنْسَانِ عَدُوٌّ مُبِينٌ<br>''بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔'' |
| 5 | شعیب | 04 | إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ<br>''جب ان سے شعیب نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



4۔ چھ عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | أَلْف | ایک ہزار | 14 | لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ<br>''قدر کی رات ہزار مہینے سے بہتر ہے۔'' |
| 2 | عَابِدٌ | عبادت کرنے والا | 10 | وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدْتُمْ<br>''اور نہ میں اس کی عبادت کرنے والا ہوں جس کی عبادت تم نے کی۔'' |
| 3 | مَجْنُون | پاگل | 12 | وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُونٍ<br>''اور تمھارا ساتھی ہرگز کوئی دیوانہ نہیں ہے۔'' |
| 4 | مَغْضُوب | جس پر غصہ کیا گیا ہو | 10 | غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ<br>''ان لوگوں کے راستے پر جن پر تو نے انعام کیا، جن پر نہ غصہ کیا گیا اور نہ وہ گمراہ ہیں۔'' |
| 5 | الْمُلْكُ | بادشاہ | 13 | تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ<br>''بہت برکت والا ہے وہ کہ تمام بادشاہی صرف اس کے ہاتھ میں ہے۔'' |
| 6 | مُحْضَرُونَ | سامنے | 10 | أُولَئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُونَ<br>''وہی لوگ عذاب میں حاضر کیے جانے والے ہیں۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | كَرِهَ | يَكْرَهُ | إِكْرَهْ | لَا تَكْرَهْ | 41 | ناپسند ہونا |
| مثال | كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ<br>''تم پر لڑنا لکھ دیا گیا ہے، حالانکہ وہ تمھیں سراسر ناپسند ہے۔'' | | | | | |
| 2 | نَسِيَ | يَنْسَي | إِنْسَ | لَا تَنْسَ | 45 | بھولنا |
| مثال | لَا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنْسَى<br>''میرا رب نہ بھٹکتا ہے اور نہ بھولتا ہے۔'' | | | | | |
| 3 | وَسِعَ | يَسَعُ | إِيْسَعْ | لَا تَوْسَعْ | 32 | وسیع ہونا |
| مثال | وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ<br>''اس کی کرسی آسمانوں اور زمین کو سمائے ہوئے ہے۔'' | | | | | |
| 4 | بَصَرَ | يَبْصِرُ | إِبْصِرْ | لَا تَبْصِرْ | 148 | دیکھنا |
| مثال | قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهِ<br>''اس نے کہا: میں نے وہ چیز دیکھی جو ان لوگوں نے نہیں دیکھی۔'' | | | | | |
| 5 | بَعَدَ | يَبْعَدُ | إِبْعَدْ | لَا تَبْعَدْ | 235 | دور ہونا |
| مثال | أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذَٰلِكَ رَجْعٌ بَعِيدٌ<br>''کیا جب ہم مر گئے اور ہم مٹی ہو گئے؟ یہ واپس لوٹنا بہت دور ہے۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 24

## 1۔ قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 04

حاضر یا مخاطب سے مراد: ''موجود'' اور متکلم سے مراد: ''بولنے والا''، جب کہ غائب سے مراد: ''غیر موجود'' ہے۔

مثال:

أَنْتَ (حاضر یا مخاطب)

أَنَا (متکلم)

هُوَ (غائب)

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | كَ (تشبیہ) | کی طرح | كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوصٌ<br>''جیسے وہ ایک سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہوں۔'' |
| 2 | بَلْ | بلکہ | بَلْ لِّلّٰهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا<br>''بلکہ کام سارے کا سارا اللہ کے اختیار میں ہے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | شک | 15 | بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ يَلْعَبُونَ<br>''بلکہ وہ ایک شک میں کھیل رہے ہیں۔'' |
| 2 | شمس | 33 | وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا<br>''قسم ہے سورج کی! اور اس کی دھوپ کی!'' |
| 3 | شہید (بمعنی گواہ) | 55 | وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ<br>''اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔'' |
| 4 | شہادت | 20 | وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا<br>''اور ان کی کوئی گواہی کبھی قبول نہ کرو۔'' |
| 5 | شَی (چیز) | 279 | إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ<br>''بے شک اللہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔'' |

4۔ سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | الْأُنْثَى | مؤنث | 24 | وَالْأُنْثَى بِالْأُنْثَى<br>"اور (قاتلہ) عورت کے بدلے وہی (قاتلہ) عورت (قتل) ہوگی۔" |
| 2 | آبَاؤُ | والدین | 64 | وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ<br>"اور ان عورتوں سے نکاح مت کرو جن سے تمھارے باپ نکاح کر چکے ہوں۔" |
| 3 | الْأُخْرَى | دوسرا | 44 | فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى<br>"تو ان میں سے ایک دوسری کو یاد دلا دے۔" |
| 4 | الْيَوْم | آخرت | 133 | مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ<br>"جو بھی اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لائے گا۔" |
| 5 | آيَات | نشانیاں | 352 | وَلَقَدْ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ<br>"اور بلاشبہ یقیناً ہم نے تیری طرف واضح آیات نازل کی ہیں۔" |
| 6 | مُرْسِلٌ | بھیجنے والا | 34 | وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ<br>"اور بے شک میں ان کی طرف کوئی تحفہ بھیجنے والی ہوں۔" |
| 7 | مُسْتَقَرٌّ | رہائش | 10 | وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا<br>"اور وہ اس کے ٹھہرنے کی جگہ اور اس کے سونپے جانے کی جگہ کو جانتا ہے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | كَرُمَ | يَكْرُمُ | أُكْرُمْ | لَا تَكْرُمْ | 47 | بزرگ ہونا، عزت والا ہونا |
| مثال | فِي صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ<br>''ایسے صحیفوں میں ہے جن کی عزت کی جاتی ہے۔'' | | | | | |
| 2 | لَطَفَ | يَلْطِفُ | إِلْطِفْ | لَا تَلْطِفْ | 08 | مہربان ہونا |
| مثال | إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ<br>''بلاشبہ اللہ بڑا باریک بین، پوری خبر رکھنے والا ہے۔'' | | | | | |
| 3 | قَرُبَ | يَقْرُبُ | أُقْرُبْ | لَا تَقْرُبْ | 96 | نزدیک ہونا |
| مثال | تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا<br>''یہ اللہ کی حدیں ہیں، سو ان کے قریب نہ جاؤ۔'' | | | | | |
| 4 | كَبُرَ | يَكْبُرُ | أُكْبُرْ | لَا تَكْبُرْ | 54 | مشکل ہونا |
| مثال | كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ<br>''مشرکوں پر وہ بات بھاری ہے جس کی طرف تو انھیں بلاتا ہے۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر:25

## 1۔قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 05

سین اور سوف مضارع کے شروع میں آ کر جاری اور ''عنقریب'' کا معنی دیتے ہیں۔

مثال:

سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ

''عنقریب لوگوں میں سے بے وقوف کہیں گے۔''

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى

''اور یقیناً عنقریب تیرا رب تجھے عطا کرے گا، پس تو راضی ہو جائے گا۔''

## 2۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | إِنَّمَا | بے شک | قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ<br>''کہہ دے میں تو تم جیسا ایک بشر ہی ہوں۔'' |
| 2 | كَمَا | جس طرح | كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا<br>''جس طرح ہم نے تم میں ایک رسول تمہی سے بھیجا ہے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | امت | 64 | كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ<br>''تم سب سے بہتر امت چلے آئے ہو۔'' |
| 2 | صدقہ | 14 | صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا<br>''ان کے مالوں سے صدقہ لے، اس کے ساتھ تو انھیں پاک کرے گا۔'' |
| 3 | صراط | 45 | اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ<br>''ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔'' |
| 4 | اصلاح | 07 | إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ<br>''میں تو اصلاح کے سوا کچھ نہیں چاہتا، جتنی کر سکوں۔'' |
| 5 | ضلال، ضلالت | 41 | إِنِّي أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ<br>''بے شک میں تجھے اور تیری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

### عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ابْتِغَاءَ | تلاش | 14 | ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ<br>"اللہ کا چہرہ طلب کرنے کے لیے۔" |
| 2 | بئس، بئسما | برا (افعال) | 29 | لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ<br>"بے شک برا ہے جو وہ کیا کرتے تھے۔" |
| 3 | أَبْنَاؤُ | اولاد | 63 | قُلْ إِنْ كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ<br>"کہہ دے اگر تمھارے باپ اور تمھارے بیٹے۔۔۔۔" |
| 4 | الْمُسْتَقِيمَ | سیدھا | 23 | اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ<br>"ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔" |
| 5 | إِذْنِ | اجازت | 39 | بِإِذْنِ اللّٰهِ<br>"اللہ کے حکم سے۔" |
| 6 | مُسْرِفٌ | زیادتی کرنے والا | 12 | إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ<br>"بے شک اللہ اس شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو حد سے بڑھنے والا، سخت جھوٹا ہو۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 7 | مُصَدِّق | تصدیق کرنے والا | 15 | مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ<br>"اس کی تصدیق کرنے والا ہے جو تمھارے پاس ہے۔" |

5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نَعِمَ | يَنْعَمُ | إِنْعَمْ | لَا تَنْعَمْ | 140 | انعام کرنا |
| مثال | وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَةَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا<br>"اور اگر تم اللہ کی نعمت شمار کرو تو اسے شمار نہ کر پاؤ گے۔" | | | | | |
| 3 | وَرِثَ | يَرِثُ | رِثْ | لَا تَرِثْ | 17 | وارث ہونا |
| مثال | تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَن كَانَ تَقِيًّا<br>"یہ ہے وہ جنت جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے اسے بناتے ہیں جو بہت بچنے والا ہو۔" | | | | | |
| 4 | أَقْسَمَ | يُقْسِمُ | أَقْسِمْ | لَا تَقْسِمْ | 20 | قسم اٹھانا |
| مثال | لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ<br>"نہیں، میں قیامت کے دن کی قسم کھاتا ہوں!" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 26

## 1۔ قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 06

حروف مقطعات جنھیں علیحدہ علیحدہ پڑھا جائے، ان کا معنی نہیں کیا جاتا۔

مثال:

الٓمّٓ　　　حٰمٓ　　　حٰمٓ عٓسٓقٓ

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والا عربی حرف اور اس کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | قَبْلَ | پہلے | إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ<br>''بے شک وہ اس سے پہلے نعمتوں میں پالے ہوئے تھے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | ظلم،ظالم | 125 | إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ<br>''بے شک شرک یقیناً بہت بڑا ظلم ہے۔'' |
| 2 | عذاب | 322 | وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ<br>''اور ان کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔'' |
| 3 | عرش | 31 | الرَّحْمَٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَىٰ<br>''وہ بے حد رحم والا عرش پر بلند ہوا۔'' |
| 4 | معروف | 38 | وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ<br>''اور نیکی کا حکم دیتے ہیں۔'' |
| 5 | عظیم | 16 | وَاللَّهُ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ<br>''اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔'' |

4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اِسْمِ | نام | 249 | اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ<br>''اپنے رب کے نام سے پڑھ جس نے پیدا کیا۔'' |
| 2 | إِنْسٌ | انسانیت | 18 | لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ<br>''ان سے پہلے نہ کسی انسان نے انھیں ہاتھ لگایا ہے اور نہ کسی جن نے۔'' |
| 3 | الْبَأْسَاءِ | تکالیف، نقصان | 26 | وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ<br>''اور تکالیف میں اور لڑائی کے وقت صبر کرنے والے ہیں۔'' |
| 4 | بَابٍ | دروازہ | 27 | لَا تَدْخُلُوا مِنْ بَابٍ وَاحِدٍ<br>''ایک دروازے سے داخل نہ ہونا۔'' |
| 5 | مُعْجِزِ | عاجز کرنے والا | 12 | فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ<br>''سو وہ کسی طرح عاجز کرنے والے نہیں۔'' |
| 6 | مُفْسِدُ | فساد کرنے والا | 21 | أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ<br>''سن لو! یقیناً وہی تو فساد ڈالنے والے ہیں۔'' |
| 7 | مُعْرِضُونَ | پھرنے والے | 19 | وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ<br>''اور وہی جو لغو کاموں سے منہ موڑنے والے ہیں۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | أَمْسَكَ | يُمْسِكُ | أَمْسِكْ | لَاتُمْسِكْ | 18 | ٹھہرانا |
| مثال | أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ<br>''اپنی بیوی اپنے پاس روکے رکھ اور اللہ سے ڈر۔'' | | | | | |
| 2 | أَحَاطَ | يُحِيْطُ | أَحِطْ | لَاتَحِطْ | 17 | احاطہ کرنا |
| مثال | وَأُخْرَى لَمْ تَقْدِرُوا عَلَيْهَا قَدْ أَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا<br>''اور کئی اور (غنیمتوں کا بھی)، جن پر تم قادر نہیں ہوئے۔ یقیناً اللہ نے ان کا احاطہ کر رکھا ہے۔'' | | | | | |
| 3 | أَنْعَمَ | يُنْعِمُ | أَنْعِمْ | لَاتُنْعِمْ | 17 | انعام کرنا |
| مثال | صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ<br>''ان لوگوں کے راستے پر جن پر تو نے انعام کیا۔'' | | | | | |
| 4 | أَفْسَدَ | يُفْسِدُ | أَفْسِدْ | لَاتُفْسِدْ | 15 | خراب کرنا |
| مثال | قَالُوا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ<br>''انھوں نے کہا کیا تو اس میں اس کو بنائے گا جو اس میں فساد کرے گا اور بہت سے خون بہائے گا۔'' | | | | | |
| 5 | أَخْلَفَ | يُخْلِفُ | أَخْلِفْ | لَاتُخْلِفْ | 14 | پیچھے چھوڑنا |
| مثال | وَقَالَ مُوسَى لِأَخِيهِ هَارُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي<br>''اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا میری قوم میں تو میرا جانشین رہ۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 27

## 1۔ قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 07

فعل کے آخر میں ''واؤ'' ''نون'' ماقبل پیش اور ''یاء'' ''نون'' ماقبل زیر ''جمع'' کی علامات ہیں۔

مثال:

وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ

''اور یہ کہ ہم میں سے کچھ فرماں بردار ہیں۔''

وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ

''اور میں حکم ماننے والوں میں سب سے پہلا ہوں۔''

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | وَفَوْقَ | اوپر | وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ ''اور ہر علم والے سے اوپر ایک سب کچھ جاننے والا ہے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | تَحْتَ | نیچے | وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى<br>''اور جو گیلی مٹی کے نیچے ہے۔'' |

3۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | معلوم | 11 | وَمَا نُنَزِّلُهُ إِلَّا بِقَدَرٍ مَعْلُومٍ<br>''اور ہم اسے نہیں اتارتے مگر ایک معلوم اندازے سے۔'' |
| 2 | علم | 105 | وَمَا أُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا<br>''اور تمھیں علم میں سے بہت تھوڑے کے سوا نہیں دیا گیا۔'' |
| 3 | عمل | 71 | مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ<br>''جو بھی نیک عمل کرے، مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو۔'' |
| 4 | اعمال | 36 | وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ<br>''اور جب شیطان نے ان کے لیے ان کے اعمال خوش نما بنا دیے۔'' |
| 5 | عیسیٰ | 25 | إِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ<br>''جب اللہ کہے گا اے عیسیٰ ابن مریم!'' |

4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بَرّ | خشکی | 21 | وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ<br>”اور وہ جانتا ہے جو کچھ خشکی اور سمندر میں ہے۔“ |
| 2 | بَصِيرٌ | دیکھنے والا | 31 | إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ<br>”بے شک اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے۔“ |
| 3 | بطن | پیٹ | 17 | مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ<br>”(یہ لوگ) اپنے پیٹوں میں آگ کے سوا کچھ نہیں کھا رہے۔“ |
| 4 | بَغْتَةً | اچانک | 13 | حَتَّى إِذَا جَاءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً<br>”یہاں تک کہ جب ان کے پاس قیامت اچانک آ پہنچے گی۔“ |
| 5 | بَغَى | بغاوت | 11 | فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ<br>”پھر جو مجبور کر دیا جائے، اس حال میں کہ نہ بغاوت کرنے والا ہو اور نہ حد سے گزرنے والا تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔“<br>خَصْمَانِ بَغَى بَعْضُنَا عَلَى بَعْضٍ<br>”ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے۔“ |
| 6 | الْمُفْلِحُونَ | کامیاب ہونے والے | 13 | وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ<br>”اور یہی لوگ پورے کامیاب ہیں۔“ |
| 7 | مُكَذِّبِينَ | جھٹلانے والے | 18 | فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ<br>”پس تو ان جھٹلانے والوں کا کہنا مت مان۔“ |



” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | أَطْعَمَ | يُطْعِمُ | أَطْعِمْ | لَا تُطْعِمْ | 13 | کھلانا |
| مثال | وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ<br>''حالانکہ وہ کھلاتا ہے اور اسے نہیں کھلایا جاتا۔'' | | | | | |
| 2 | أَعْجَبَ | يُعْجِبُ | أَعْجِبْ | لَا تُعْجِبْ | 11 | تعجب میں ڈالا |
| مثال | قُلْ لَا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ<br>''کہہ دے ناپاک اور پاک برابر نہیں، خواہ ناپاک کی کثرت تجھے تعجب میں ڈالے۔'' | | | | | |
| 3 | أَخْفَى | يُخْفِي | إِخْفِ | لَا تُخْفِ | 18 | چھپانا |
| مثال | إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَى<br>''یقیناً قیامت آنے والی ہے، میں قریب ہوں کہ اسے چھپا کر رکھوں، تاکہ ہر شخص کو اس کا بدلہ دیا جائے جو وہ کوشش کرتا ہے۔'' | | | | | |
| 4 | أَرَادَ | يُرِيدُ | أَرِدْ | لَا تُرِدْ | 139 | ارادہ کرنا |
| مثال | يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ<br>''اللہ تمھارے ساتھ آسانی کا ارادہ رکھتا ہے اور تمھارے ساتھ تنگی کا ارادہ نہیں رکھتا۔'' | | | | | |
| 5 | أَلْقَى | يُلْقِي | أَلْقِ | لَا تُلْقِ | 71 | پھینکنا |
| مثال | قَالُوا يَا مُوسَى إِمَّا أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّا أَنْ نَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَى<br>''انھوں نے کہا اے موسیٰ! یا تو یہ کہ تو پھینکے اور یا یہ کہ ہم پہلے ہوں جو پھینکے۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 28

## 1۔ قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 08

''الف'' ''نون'' اور ''یاء'' ''نون'' ماقبل زبر ''تثنیہ'' کی علامات ہیں۔

مثال:

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ

''اے ہمارے رب! اور ہمیں اپنے لیے فرماں بردار بنا۔''

قَالَ رَجُلَانِ

''دو آدمیوں نے کہا۔''

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والا عربی حرف اور اس کا ترجمہ:

عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | أَمَّا | بہر حال | فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا<br>''پس لیکن وہ لوگ جو ایمان لائے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

## اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | غفور، غفار | 96 | إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ<br>"بے شک اللہ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔" |
| 2 | غافل | 27 | وَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ<br>"اور تو اللہ کو ہرگز اس سے غافل گمان نہ کر جو ظالم لوگ کر رہے ہیں۔" |
| 3 | غیب | 49 | الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ<br>"وہ لوگ جو غیب پر ایمان لاتے۔" |
| 4 | میت | -- | إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَّيِّتُونَ<br>"بے شک تو مرنے والا ہے اور بے شک وہ بھی مرنے والے ہیں۔" |
| 5 | فتنہ | 36 | وَاعْلَمُوا أَنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ<br>"اور جان لو کہ تمھارے مال اور تمھاری اولاد ایک آزمائش کے سوا کچھ نہیں۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اَلْبَلَاغُ | پہنچانا | 15 | وَمَا عَلَيْنَاۤ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ<br>''اور ہم پر صاف پہنچا دینے کے سوا کوئی ذمہ داری نہیں۔'' |
| 2 | بَلَدٌ | شہر | 14 | لَاۤ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ<br>''نہیں، میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں!'' |
| 3 | بَنَاتٌ | بیٹیاں | 17 | اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ<br>''یا اس نے اس (مخلوق) میں سے جسے وہ پیدا کرتا ہے (خود) بیٹیاں رکھ لیں۔'' |
| 4 | بَيْنِ | درمیان | 23 | عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ<br>''اس کے درمیان جوان عمر کی ہے۔'' |
| 5 | بُشْرٰى | خوش خبری | 15 | وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ<br>''اور اللہ نے اسے نہیں بنایا مگر تمھارے لیے ایک خوشخبری۔'' |
| 6 | مُهْتَدُوْنَ | ہدایت یافتہ | 17 | وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ<br>''اور یہی لوگ ہدایت پانے والے ہیں۔'' |
| 7 | مُنْذِرٌ | ڈرانے والا | 15 | اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا<br>''تو تو صرف اسے ڈرانے والا ہے جو اس سے ڈرتا ہے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | أَنْفَقَ | يُنْفِقُ | أَنْفِقْ | لَا تُنْفِقْ | 68 | خرچ کرنا |
| مثال | لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ<br>''تم میں سے جس نے فتح (مکہ) سے پہلے خرچ کیا اور جنگ کی وہ (یہ عمل بعد میں کرنے والوں کے) برابر نہیں۔'' | | | | | |
| 2 | أَحَبَّ | يُحِبُّ | أَحْبِبْ | لَا تُحْبِبْ | 64 | پسند کرنا |
| مثال | إِذْ قَالُوا لَيُوسُفُ وَأَخُوهُ أَحَبُّ إِلَىٰ أَبِينَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ<br>''جب انھوں نے کہا یقیناً یوسف اور اس کا بھائی ہمارے باپ کے ہاں ہم سے زیادہ پیارے ہیں، حالانکہ ہم ایک قوی جماعت ہیں۔'' | | | | | |
| 3 | أَصَابَ | يُصِيبُ | أَصِبْ | لَا تُصِبْ | 64 | پہنچانا |
| مثال | مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ<br>''کوئی مصیبت نہیں پہنچی مگر اللہ کے اذن سے۔'' | | | | | |
| 4 | أَضَلَّ | يُضِلُّ | أَضْلِلْ | لَا تُضْلِلْ | 64 | گمراہ کرنا |
| مثال | فَمَن يَهْدِي مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ<br>''پھر اسے کون راہ پر لائے جسے اللہ نے گمراہ کردیا ہو۔'' | | | | | |
| 5 | أَقَامَ | يُقِيمُ | أَقِمْ | لَا تُقِمْ | 54 | قائم کرنا |
| مثال | فَإِن تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ<br>''پس اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکوۃ دیں تو دین میں تمھارے بھائی ہیں۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 29

## 1۔ قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 09

کسی لفظ کے شروع میں ''الف لام'' اور آخر میں ''تنوین'' اور ''ۃ'' اسم ہونے کی علامات ہیں۔

مثال:

اَلْكِتَابُ　　　أَبْوَابٌ　　　إِمْرَئَةٌ

## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | وَ (قسمیہ) | قسم | وَالْعَصْرِ<br>''زمانے کی قسم!'' |
| 2 | أَلَا (تنبیہ) | خبردار | أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ<br>''سن لو! بے شک اللہ کے دوست، ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | فرعون | 74 | وَقَالَتِ امْرَأَتُ فِرْعَوْنَ<br>"اور فرعون کی بیوی نے کہا۔" |
| 2 | فضل | 84 | وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ<br>"اور اللہ کے فضل سے (حصہ) تلاش کرو۔" |
| 3 | طویل | -- | وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا<br>"اور رات کے کچھ حصہ میں پھر اس کے لیے سجدہ کر اور لمبی رات تک اس کی تسبیح کیا کر۔" |
| 4 | قدر | 45 | وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ<br>"اور انھوں نے اللہ کی قدر نہیں کی، جو اس کی قدر کا حق تھا۔" |
| 5 | تقدیر | 05 | ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ<br>"یہ اس سب پر غالب، سب کچھ جاننے والے کا اندازہ ہے۔" |

4۔ سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بَنِي | اولاد | 80 | وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ<br>"اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا۔" |
| 2 | تَأْوِيلٌ | تعبیر | 17 | وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ<br>"اور تجھے باتوں کی اصل حقیقت سمجھنے میں سے کچھ سکھائے گا۔" |
| 3 | تَنْزِيلٌ | نازل شدہ | 15 | تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ<br>"تمام جہانوں کے رب کی طرف سے اتاری ہوئی ہے۔" |
| 4 | التَّوَّابِينَ | توبہ کرنے والا | 11 | إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ<br>"بے شک اللہ ان سے محبت کرتا ہے جو بہت توبہ کرنے والے ہیں۔" |
| 5 | تُرَابٌ | مٹی | 17 | كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِنْ تُرَابٍ<br>"آدم کی مثال کی طرح ہے کہ اسے تھوڑی سی مٹی سے بنایا۔" |
| 6 | الْمُؤْمِنَاتُ | مومن عورتیں | 18 | وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ<br>"اور مومن مرد اور مومن عورتیں۔" |
| 7 | نَاصِرِينَ | مددگار | 11 | وَمَا لَكُمْ مِنْ نَاصِرِينَ<br>"اور تمھارے لیے کوئی مدد کرنے والے نہیں۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | أَعْرَضَ | يُعْرِضُ | أَعْرِضْ | لَا تُعْرِضْ | 32 | منہ پھیرنا |
| مثال | وَمَنْ يُعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا<br>''اور جو کوئی اپنے رب کی یاد سے منہ موڑے گا وہ اسے سخت عذاب میں داخل کرے گا۔'' | | | | | |
| 2 | أَبْصَرَ | يُبْصِرُ | أَبْصِرْ | لَا تُبْصِرْ | 29 | دکھانا |
| مثال | قَدْ جَاءَكُمْ بَصَائِرُ مِنْ رَبِّكُمْ فَمَنْ أَبْصَرَ فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا<br>''بلاشبہ تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے کئی نشانیاں آ چکیں، پھر جس نے دیکھ لیا تو اس کی جان کے لیے ہے اور جو اندھا رہا تو اسی پر ہے۔'' | | | | | |
| 3 | أَحْيَى | يُحْيِي | أَحْيِ | لَا تُحْيِ | 51 | زندہ کرنا |
| مثال | هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ<br>''وہی زندگی بخشتا اور موت دیتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔'' | | | | | |
| 4 | أَذَى | يُؤْذِي | اذِ | لَا تُؤْذِ | 15 | تکلیف دینا |
| مثال | وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَى مَا آذَيْتُمُونَا<br>''اور ہم ہر صورت اس پر صبر کریں گے جو تم ہمیں تکلیف پہنچاؤ گے۔'' | | | | | |
| 5 | أَنْذَرَ | يُنْذِرُ | أَنْذِرْ | لَا تُنْذِرْ | 44 | ڈرانا |
| مثال | وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ إِذْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ<br>''اور عاد کے بھائی کو یاد کر جب اس نے اپنی قوم کو احقاف میں ڈرایا۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر :30

## 1۔قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 10

لائے نفی جنس کسی چیز کی 100 فیصد نفی کرنے کے لیے آتا ہے۔

مثال:

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

''پس جان لے کہ حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔''

## 2۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | لَمَّا (ظرف) | جب | وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ''اور جب وہ جالوت اور اس کے لشکروں کے سامنے ہوئے۔'' |
| 2 | لَمَّا (نافیہ) | ابھی تک نہیں | وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ''حالانکہ ابھی تک تم پر ان لوگوں جیسی حالت نہیں آئی جو تم سے پہلے تھے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | قرآن | 58 | إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ<br>''بلاشبہ یہ قرآن اس (راستے) کی ہدایت دیتا ہے جو سب سے سیدھا ہے۔'' |
| 2 | قریب، اقرب | 28 | إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُّجِيبٌ<br>''یقیناً میرا رب قریب ہے، قبول کرنے والا ہے۔'' |
| 3 | ادریس | 02 | وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ<br>''اور کتاب میں ادریس کا ذکر کر۔'' |
| 4 | قلب، قلوب | 121 | لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا<br>''ان کے دل ہیں جن کے ساتھ وہ سمجھتے نہیں۔'' |
| 5 | قلیل | 13 | وَقَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ<br>''اور بہت تھوڑے میرے بندوں میں سے پورے شکر گزار ہیں۔'' |

4۔ سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ثَمَنٌ | قیمت | 11 | وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا<br>''اور میری آیات کے بدلے تھوڑی قیمت مت لو۔'' |
| 2 | جَمْعٌ | جمع | 13 | إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ<br>''بلاشبہ اس کو جمع کرنا اور (آپ کا) اس کو پڑھنا ہمارے ذمے ہے۔'' |
| 3 | جَنَاحٌ | کندھے | 25 | وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ<br>''اور اپنا بازو مومنوں کے لیے جھکا دے۔'' |
| 4 | خَبِيرٌ | خبر رکھنے والا | 22 | وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ<br>''اور اللہ اس کی پوری خبر رکھنے والا ہے جو تم کرتے ہو۔'' |
| 5 | خَلْقٌ | تخلیق | 52 | إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ<br>''بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے (میں نشانیاں ہیں)۔'' |
| 6 | النَّبَأُ | خبر | 29 | عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ<br>''(کیا) اس بڑی خبر کے بارے میں؟'' |
| 7 | النَّجْمُ | ستارا | 13 | وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى<br>''قسم ہے ستارے کی جب وہ گرے!'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | أَصْبَحَ | يُصْبِحُ | أَصْبِحْ | لَا تُصْبِحْ | 28 | صبح کرنا |
| مثال | فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا<br>"غرض اس نے شہر میں ڈرتے ہوئے صبح کی۔" | | | | | |
| 2 | أَصْلَحَ | يُصْلِحُ | أَصْلِحْ | لَا تُصْلِحْ | 28 | اصلاح کرنا |
| مثال | فَمَنْ آمَنَ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ<br>"پھر جو شخص ایمان لے آئے اور اصلاح کر لے تو ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔" | | | | | |
| 3 | أَنْجَى | يُنْجِي | أَنْجِ | لَا تُنْجِ | 23 | نجات دینا |
| مثال | وَأَنْجَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ<br>"اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے اور بچتے رہے تھے۔" | | | | | |
| 4 | قَدَّمَ | يُقَدِّمُ | قَدِّمْ | لَا تُقَدِّمْ | 27 | آگے بھیجنا |
| مثال | يُنَبَّأُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ<br>"اس دن انسان کو بتایا جائے گا جو اس نے آگے بھیجا اور جو پیچھے چھوڑا۔" | | | | | |
| 5 | كَلَّمَ | يُكَلِّمُ | كَلِّمْ | لَا تُكَلِّمْ | 20 | کلام کرنا |
| مثال | تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللَّهُ<br>"یہ رسول، ہم نے ان کے بعض کو بعض پر فضیلت دی، ان میں سے کچھ وہ ہیں جن سے اللہ نے کلام کیا۔" | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 31

## 1۔ قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 11

''مَنْ'' اور ''مَا'' جملے کے شروع میں آئیں تو ان کا معنی ''کون'' اور ''کیا'' ہوگا، یعنی یہ دونوں استفہام (سوال) کے لیے استعمال ہوں گے، جبکہ جملے کے درمیان میں یہ اسمائے موصولہ یعنی جملے کو ملانے والے relative pronouns ہوں گے اور ان کا معنی ''جو'' کا کیا جائے گا۔

مثال:

مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ

''کون ہے وہ جو اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرے۔''

مَا تَعْبُدُونَ مِنْ بَعْدِي

''میرے بعد کس چیز کی عبادت کرو گے؟''

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِينَ

''اور لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے، حالانکہ وہ ہرگز مومن نہیں۔''

وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ

''اور وہ جو اس پر ایمان لاتے ہیں جو تیری طرف اتارا گیا۔''



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 2۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | لَعَلَّ | تاکہ | وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ<br>"اور اللہ سے ڈرو، تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔" |
| 2 | كَيْ | تاکہ | كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ<br>"تاکہ وہ تم میں سے مال داروں کے درمیان ہی گردش کرنے والا نہ ہو۔" |

## 3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

### اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | قول | 92 | سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ رَحِيمٍ<br>"سلام ہو۔ اس رب کی طرف سے کہا جائے گا جو بے حد مہربان ہے۔" |
| 2 | قیامت | 70 | لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ<br>"نہیں، میں قیامت کے دن کی قسم کھاتا ہوں!" |
| 3 | قوم | 353 | قَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ<br>"فرعون کی قوم کے سرداروں نے کہا۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| 4 | اکبر | 23 | قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً قُلِ اللَّهُ<br>"کہہ کون سی چیز گواہی میں سب سے بڑی ہے؟ کہہ اللہ۔" |
| 5 | کسب | 13 | مَا أَغْنَىٰ عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ<br>"نہ اس کے کام اس کا مال آیا اور نہ جو کچھ اس نے کمایا۔" |

4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | خِزْيٌ | ذلالت | 11 | لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ<br>"ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے۔" |
| 2 | دَابَّةٌ | چوپایہ | 18 | وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ<br>"اور اللہ نے ہر چلنے والا (جاندار) ایک قسم کے پانی سے پیدا کیا۔" |
| 3 | دِيَارٌ | گھر | 48 | الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ<br>"وہ جنھیں ان کے گھروں سے نکالا گیا۔" |
| 4 | دَرَجَاتٌ | درجہ | 18 | لَهُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ<br>"انھی کے لیے ان کے رب کے پاس بہت سے درجے ہیں۔" |
| 5 | دَمٌ | خون | 10 | دَمًا مَسْفُوحًا<br>"بہایا ہوا خون ہو۔" |
| 6 | نَجْوَىٰ | سرگوشی | 11 | نُهُوا عَنِ النَّجْوَىٰ<br>"جنھیں سرگوشی کرنے سے منع کیا گیا۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 7 | وَنَخْلٌ | کھجور | 11 | وَزَيْتُونًا وَنَخْلًا<br>''اور زیتون اور کھجور کے درخت۔'' |

## 5۔ وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | فَضَّلَ | يُفَضِّلُ | فَضِّلْ | لَا تُفَضِّلْ | 17 | فضیلت دینا |
| مثال | وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ<br>''اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر رزق میں فوقیت بخشی ہے۔'' | | | | | |
| 2 | أَخَّرَ | يُؤَخِّرُ | أَخِّرْ | لَا تُؤَخِّرْ | 15 | تاخیر کرنا، پیچھے چھوڑنا |
| مثال | يُنَبَّأُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ<br>''اس دن انسان کو بتایا جائے گا جو اس نے آگے بھیجا اور جو پیچھے چھوڑا۔'' | | | | | |
| 3 | مَدَّدَ | يُمَدِّدُ | مَدِّدْ | لَا تُمَدِّدْ | 13 | ڈھیل دینا |
| مثال | قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا<br>''کہہ دے جو شخص گمراہی میں پڑا ہو تو لازم ہے کہ رحمان اسے ایک مدت تک مہلت دے۔'' | | | | | |
| 4 | قَطَّعَ | يُقَطِّعُ | قَطِّعْ | لَا تُقَطِّعْ | 12 | ٹکڑے ٹکڑے کرنا |
| مثال | وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ<br>''اور جنھیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا، تو وہ ان کی انتڑیاں ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔'' | | | | | |
| 5 | نَادَى | يُنَادِي | نَادِ | لَا تُنَادِ | 44 | پکارنا |
| مثال | إِذْ نَادَى رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا<br>''جب اس نے اپنے رب کو چھپی آواز سے پکارا۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر:32

## 1۔قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 12

اسم واحد''ایک''تثنیہ''دو''اور دو سے زیادہ کے لیے''جمع''کا لفظ بولا جاتا ہے۔

مثال:

عَيْنٌ (واحد)

عَيْنَيْنِ (تثنیہ)

أَعْيُنٌ (جمع)

## 2۔قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے عربی حروف اور ان کا ترجمہ:

### عربی حروف

| نمبر شمار | عربی حروف | ترجمہ | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | كِلْتَا | وہ دونوں | كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا<br>''دونوں باغوں نے اپنا پھل دیا۔'' |
| 2 | لَيْتَ | کاش | قَالَ يَالَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ<br>''اس نے کہا اے کاش! میری قوم جان لے۔'' |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3۔ قرآنِ مجید میں استعمال ہونے والے پانچ وہ الفاظ جو اُردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں:

## اُردو الفاظ

| نمبر شمار | اردو الفاظ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|
| 1 | کتاب، کتب | 231 | ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ<br>"یہ کتاب، اس میں کوئی شک نہیں، بچنے والوں کے لیے سراسر ہدایت ہے۔" |
| 2 | کثیر، اکثر | 137 | وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ<br>"اور اللہ کو بہت یاد کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ۔"<br>وَأَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ<br>"اور ان کے اکثر نہیں سمجھتے۔" |
| 3 | کریم | 27 | وَنُدْخِلْكُم مُّدْخَلًا كَرِيمًا<br>"اور تمھیں باعزت داخلے کی جگہ میں داخل کریں گے۔" |
| 4 | مسکین | 22 | إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ<br>"صدقات تو صرف فقیروں اور مسکینوں کے لیے ہیں۔" |
| 5 | ملت | 15 | وَاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا<br>"اور اس نے ابراہیم کی ملت کی پیروی کی۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 4۔سات عربی الفاظ جو قرآنِ مجید میں بار بار استعمال ہوئے ہیں:

### عربی الفاظ

| نمبر شمار | عربی الفاظ | ترجمہ | تعداد | قرآنِ مجید سے مثال |
|---|---|---|---|---|
| 1 | أَمِينٌ | ایمان دار | 14 | إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ<br>"بے شک میں تمھارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں۔" |
| 2 | كَثِيرَةً | زائدہ | 11 | كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ<br>"کتنی ہی تھوڑی جماعتیں زیادہ جماعتوں پر اللہ کے حکم سے غالب آ گئیں۔" |
| 3 | الْخَنَّاسُ | وسوسے ڈالنے والا | 01 | مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ<br>"وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو ہٹ ہٹ کر آنے والا ہے۔" |
| 4 | مَتَى | کب | 10 | مَتَى نَصْرُ اللَّهِ<br>"اللہ کی مدد کب ہوگی؟" |
| 5 | أَنَّى | کہاں | 27 | أَنَّى يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ<br>"اس کی حکومت ہم پر کیسے ہوسکتی ہے۔" |
| 6 | نَصْرٌ | مدد | 22 | نَصْرٌ مِنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ<br>"اللہ کی طرف سے مدد اور قریب فتح ہے۔" |
| 7 | نَعِيمٌ | نعمت | 17 | إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ<br>"بے شک نیک لوگ یقیناً بڑی نعمت میں ہوں گے۔" |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## 5۔وہ افعال جو کثرت سے قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں:

| نمبر شمار | فعل ماضی | فعل مضارع | فعل امر | فعل نہی | تعداد | معانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جَاهَدَ | يُجَاهِدُ | جَاهِدْ | لَا تُجَاهِدْ | 27 | کوشش کرنا |
| مثال | وَمَنْ جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ<br>''اور جو جہاد کرتا ہے تو وہ اپنے ہی لیے جہاد کرتا ہے۔'' | | | | | |
| 2 | هَاجَرَ | يُهَاجِرُ | هَاجِرْ | لَا تُهَاجِرْ | 16 | چھوڑنا/ ہجرت کرنا |
| مثال | يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ<br>''وہ ان سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کرکے ان کی طرف آئیں۔'' | | | | | |
| 3 | حَاجَّ | يُحَاجُّ | حَاجِّ | لَا تُحَاجِّ | 12 | جھگڑا کرنا |
| مثال | أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهِ<br>''کیا تو نے اس شخص کو نہیں دیکھا جس نے ابراہیم سے اس کے رب کے بارے میں جھگڑا کیا۔'' | | | | | |
| 4 | عَاهَدَ | يُعَاهِدُ | عَاهِدْ | لَا تُعَاهِدْ | 11 | وعدہ کرنا |
| مثال | وَمَنْ أَوْفَى بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا<br>''اور جس نے وہ بات پوری کی جس پر اس نے اللہ سے عہد کیا تھا تو وہ اسے جلد ہی بہت بڑا اجر دے گا۔'' | | | | | |
| 5 | سَارَعَ | يُسَارِعُ | سَارِعْ | لَا تُسَارِعْ | 09 | کوشش کرنا/ جلدی کرنا |
| مثال | أُولَئِكَ يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُونَ<br>''یہ لوگ ہیں جو بھلائیاں حاصل کرنے میں جلدی کرتے ہیں اور یہی ان کی طرف آگے نکلنے والے ہیں۔'' | | | | | |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سبق نمبر: 33

## 1۔ قرآنِ مجید ترجمہ کرنے کا اصول نمبر 13

امر کا معنی: ''حکم'' اور نہی: ''کسی کام سے منع کرنے کو کہتے ہیں۔''

مثال:

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ (فعل امر)

''کہہ دے وہ اللہ ایک ہے۔''

وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ (فعل نہی)

